قرارداد

آج کل بھاری بھرکم سکول بیگ جو حد سے زیادہ کتابوں سے لدی ہوئی ہوتی ہیں، بچوں میں ریڑھ کی ہڈی سے متعلق بیماریوں کو موجب بن رہی ہیں، انتہائی بھاری سکول بیگز شانوں پر لٹکانے سے بچوں کی جسمانی ساخت متاثر ہوتی ہے اور جسم میں ابھار کے ساتھ پیٹھ کے درد کا سبب بنتی ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ بچوں کے جسم کو غیر متوازن اور اعصابی نظام کو متاثر کرتی ہے، یہ نہ صرف وقتی طور پر بلکہ طویل المدتی اثرات کے طور پر ریڑھ کی ہڈی کو کمزور کرتی ہے اور مزید یہ کہ اس کو دائمی نقصان پہنچا سکتی ہے۔

یہ معزز ایوان حکومت سے پرزور سفارش کرتی ہے کہ سرکاری اور پرائیویٹ سکولوں کو پابند بنایا جائے کہ بچے کے وزن کے 10 فیصد سے زیادہ وزن والے سکول بیگز اٹھانے پر پابندی لگائی جائے۔

Ayesha Bano
عائشہ بانو، ایم پی اے
Rehana Ismail